Essex County Council

دو، تین اور چار سالہ بچوں کے لیے مفت ابتدائی تعلیم کی اہلیت

رہنمائے والدین

ستمبر 2017

Essex County Council

فہرستِ مضامین

1- تعارف 3

2- اہلیت 4
اکثر پوچھے گئے سوالات

3- لچکداری 9
اکثر پوچھے گئے سوالات

4- معیار 15
اکثر پوچھے گئے سوالات

5- فنڈنگ FEEE مقامات 16
اکثر پوچھے گئے سوالات

1. تعارف

اس رہنمائی میں اکثر پوچھے گئے سوالات کے جوابات کا مقصد یہ وضاحت کرنا ہے کہ Essex County Council (ECC) ڈے نرسریوں، ابتدائی اسکولوں، بچوں کی نگہداشت کرنے والوں، نرسری اسکولوں اور اسکول اور اکیڈمی نرسری کلاسوں میں اہلیت رکھنے والے دو سالہ بچوں اور تمام تین اور چار سالہ بچوں کے لیے مفت ابتدائی تعلیم کے لیے کیسے سرمایہ فراہم کرتی ہے۔ ان ابتدائی سالوں اور بچوں کی دیکھ بھال کی خدمات فراہم کرنے والوں کو بطور زیرِ اہتمام اور نجی، رضاکارانہ اور آزاد (PVI) شعبہ جانا جاتا ہے۔

قبل اس سے کہ ابتدائی سالوں میں بچے کی دیکھ بھال کی خدمات فراہم کرنے والا Free Early Education Entitlement (FEEE) مہیا کر سکتے ان پر ECC کے ساتھ فنڈنگ کا ایک معاہدہ کرنا لازمی ہے۔ یہ ان کے اور ECC کے درمیان ایک پابند کر دینے والا معاہدہ بناتا ہے اور بیان کرتا ہے کہ ان پر لازم ہے کہ معاہدے کی شرائط اور تقاضوں اور Department for Education (DfE) 'ابتدائی تعلیم اور بچے کی دیکھ بھال: مقامی محکمہ جات کے لیے قانونی رہنمائی' کی پابندی کریں۔ ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال کرنے والے تمام افراد یا ادارے FEEE کی پیشکش نہیں کریں گے، یا FEEE کے صرف چند عناصر ہی کی پیشکش کریں گے

مفت ابتدائی تعلیم کی اہلیت کیا ہے؟

- FEEE تمام بچوں کے لیے اعلیٰ معیار کی ابتدائی برسوں کی دانش اور تعلیم تک رسائی کے لیے حکومت کی بصیرت کا قلب ہے۔
- ثبوت ظاہر کرتا ہے کہ باقاعدگی سے ملنے والی اچھے معیار کی ابتدائی دانش اور تعلیم کے تمام بچوں کے لیے دیرپا اثرات ہوتے ہیں۔
- دو سالہ بچوں کے لیے FEEE عالمگیر نہیں ہے اور صرف ان خاندانوں کی دسترس میں ہو سکتی ہے جو ایک مخصوص کسوٹی پر پورا اترتے ہیں۔ اہل بچے سال میں FEEE کے 570 گھنٹوں کے مستحق ہیں جو کم از کم 33 ہفتوں اور زیادہ سے زیادہ 52 ہفتوں کے عرصے میں لیے جا سکتے ہیں۔ اہلیت کو تین عرصوں میں تقسیم کیا گیا ہے جن کی حد گیارہ سے پندرہ ہفتوں تک ہے جو کہ اسکول کے عرصوں کی عکاسی کرتے ہیں۔
- تین اور چار سالہ بچوں کے لیے FEEE ہر بچے کے لیے ایک عالمگیر مفت فراہم ہے جو ان کی تیسری سالگرہ سے اس وقت تک ہوتی ہے جب تک کہ وہ لازمی اسکول کی تعلیم کی عمر کے ہو جائیں۔ اہل بچے سال میں FEEE کے 570 گھنٹوں کے مستحق ہیں جو کم از کم 33 ہفتوں اور زیادہ سے زیادہ 52 ہفتوں کے عرصے میں لیے جا سکتے ہیں۔ اہلیت کو تین عرصوں میں تقسیم کیا گیا ہے جن کی حد گیارہ سے پندرہ ہفتوں تک ہے جو کہ اسکول کے عرصوں کی عکاسی کرتے ہیں۔
- ستمبر 2017 سے اہلیت کے حامل ملازمت کرنے والے والدین Extended Free Entitlement (توسیعی مفت اہلیت) (EFE) تک رسائی کے قابل ہوں گے جو کہ عالمگیر اہلیت کے علاوہ مزید 15 گھنٹے ہیں جو انہیں اضافی 15 گھنٹے کی FEEE دیتے ہیں۔ آپ اس اہلیت کو بطور "30 گھنٹے کی پیشکش" بیان کردہ دیکھ سکتے ہیں۔ اہل بچے سال میں FEEE کے 570 گھنٹوں کے مستحق ہیں جو کم از کم 33 ہفتوں اور زیادہ سے زیادہ 52 ہفتوں کے عرصے میں لیے جا سکتے ہیں۔ اہلیت کو تین عرصوں میں تقسیم کیا گیا ہے جن کی حد گیارہ سے پندرہ ہفتوں تک ہے جو کہ اسکول کے عرصوں کی عکاسی کرتے ہیں۔

2. اہلیت – کیا میں ایک FEEE مقام کے لیے درخواست دے سکتا ہوں؟

نتیجہ بچے اعلیٰ معیار کی ابتدائی دانش اور تعلیم حاصل کرتے ہیں، اپنے والدین کی ادائیگی کرنے کی اہلیت سے قطع نظر – جس سے ان کی سماجی، جسمانی اور ذہنی نشوونما میں فائدہ ہوتا ہے اور انہیں اسکول کے لیے تیار کرنے میں مدد کرتی ہے۔ ثبوت ظاہر کرتا ہے کہ اعلیٰ معیار کی ابتدائی تعلیم کے تمام بچوں کے لیے دیرپا اثرات ہوتے ہیں۔

اکثر پوچھے گئے سوالات

س۔ کیا میرا دو سالہ بچہ مفت ابتدائی تعلیم اور دیکھ بھال کے لیے اہل ہے؟

ج۔ دو سالہ بچے مفت ابتدائی تعلیم اور دیکھ بھال تک رسائی کر سکتے ہیں اگر وہ ذیل میں بیان کردہ ایک یا زیادہ کسوٹیوں پر پورا اترتے ہوں:

- ان کے والدین/نگران اہلیت کے اُس معیار پر پورا اترتے ہیں جسے اسکول کے مفت کھانوں کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے جیسا کہ ذیل میں بیان کیا گیا ہے:
  - آمدن میں معاونت
  - آمدن کی بنیاد پر ملازمت تلاش کرنے والوں کا الاؤنس
  - آمدن سے متعلقہ ملازمت اور امداد کا الاؤنس
  - Immigration and Asylum Act 1999 کے حصہ VI کے تحت امداد
  - State Pension Credit کا ضمانت دیا گیا عنصر
  - Child Tax Credit (لیکن Working Tax Credit نہیں) اور سالانہ آمدن £16,190 سے زیادہ نہ ہو
  - ان کی ملازمت ختم ہونے کے فوراً بعد چار ہفتوں کے عرصے کے دوران ورکنگ ٹیکس کریڈٹ یا اس عرصے کے بعد جس میں وہ 16 گھنٹے فی ہفتہ سے کم کام کرنا شروع کرتے ہیں
- ان کے خاندان ورکنگ ٹیکس کریڈٹس وصول کرتے ہیں اور ان کی سالانہ کل آمدن £16,190 سے زیادہ نہیں ہوتی
- ان کا خاندان یونیورسل کریڈٹ وصول کرتا ہے اور ماہانہ آمدنی DfE کی آمدن کی حدود سے زیادہ نہیں ہے
- وہ خصوصی تعلیمی ضروریات (SEN) کا ایک موجودہ بیان یا ایک تعلیم، صحت اور دیکھ بھال کا منصوبہ رکھتے ہیں
- وہ معذوری کے ساتھ زندگی گزارنے کا وظیفہ وصول کر رہے ہیں
- ان کی دیکھ بھال ایک مقامی محکمے کی جانب سے کی جاتی ہے
- انہوں نے گود لیے جانے کے ایک حکم، ایک خصوصی سرپرستی کے حکم یا بچے کے انتظامات کے ایک حکم کے ذریعے کیئر کو چھوڑا ہے جو اس کے لیے مخصوص ہے جس کے ساتھ وہ مقیم ہیں

س۔ میں اپنے دو سالہ بچے کے لیے ایک مفت نرسری مقام کے لیے کیسے درخواست دے سکتا ہوں؟

ج۔ آپ فنڈنگ کے لیے آن لائن، یا ایک ابتدائی برسوں کی دیکھ بھال فراہم کنندہ، فیملی ہب، ہیلتھ وزیٹر، سوشل ورکر یا ایک سپیشلسٹ استاد کے ذریعے درخواست دے سکتے ہیں۔

آن لائن درخواست دینے کے لیے https://emsonline.essexcc.gov.uk/CitizenPortal_LIVE/ پر جائیں اور رجسٹر کریں۔ ایسا کرنے کے لیے آپ کو لاگ ان کرنے اور ایک درخواست مکمل کرنے کے لیے 'Funded Early Education for Two Year Olds' پر کلک کرنے کی ضرورت ہے۔ جب آپ فارم جمع کروا دیتے ہیں آپ کی اہلیت کی پڑتال کی جائے گی اور اگر اہل ہوئے تو آپ کو ایک حوالہ نمبر دیا جائے گا جو آپ مفت مقام تک رسائی کے لیے ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندہ کے پاس لے جا سکتے ہیں۔

س- میں اپنے دو سالہ بچے کے لیے ایک مفت نرسری مقام تک رسائی کب سکتا ہوں؟

ج- اہلیت کے حامل دو سالہ بچے ایک FEEE فنڈڈ مقام تک رسائی اپنی دوسری سالگرہ کے بعد کی ٹرم میں کر سکتے ہیں، ذیل میں دیکھیں:

ان تاریخوں کے درمیان پیدا ہونے والا بچہ	فنڈنگ کے لیے اہل
1 اپریل - 31 اگست	2nd سالگرہ کے بعد 1 ستمبر
1 ستمبر - 31 دسمبر	2nd سالگرہ کے بعد 1 جنوری
1 جنوری - 31 مارچ	2nd سالگرہ کے بعد 1 اپریل

س- اپنا مفت نرسری مقام حاصل کرنے کے لیے مجھے کیا معلومات فراہم کرنے کی ضرورت ہے؟

ج- ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان FEEE کے لیے ان کی اہلیت کی تصدیق کرنے کے لیے آپ کے بچے کا پیدائش کا سرٹیفیکیٹ دیکھنے کو کہیں گے۔

اگر آپ دو سالہ بچے کی FEEE کے لیے درخواست دے رہے ہیں اور اسکول کے مفت کھانے کے معیار کے تحت اہل نہیں ہیں تو آپ کو اپنی اہلیت کے دیگر ثبوت فراہم کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے، مثلاً ورکنگ ٹیکس کریڈٹ کی اہلیت کے لیے TC602a فارم کی ایک نقل۔

دو سالہ بچوں کے لیے مفت ابتدائی تعلیم کی اہلیت کے متعلق مزید جاننے کے لیے:

- ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندہ کے پاس تشریف لے جائیں، آپ قریب ترین فراہم کنندہ یہاں سے تلاش کر سکتے ہیں http://www.essex.gov.uk/Education-Schools/Early-Years-Childcare/Pages/Early-years-and-childcare.aspx
- ایک فیملی ہب پر تشریف لے جائیں، آپ قریب ترین فیملی ہب یہاں سے تلاش کر سکتے ہیں
- http://www.essex.gov.uk/Education-Schools/Early-Years-Childcare/Pages/List-of-childrens-centres.aspx
- اپنے ہیلتھ وزیٹر سے یا مقررہ سوشل ورکر سے بات کریں
- Family Information Service سے بذریعہ ای میل fis@essex.gov.uk پر یا بذریعہ فون 0800 055 6874 پر رابطہ کریں

س- Early Years Pupil Premium (EYPP) کیا ہے اور میرا فراہم کنندہ مجھے ایک اور فارم پُر کرنے کو کیوں کہہ رہا ہے؟

ج- تین اور چار سالہ بچے جو مفت اہلیت حاصل کرتے ہیں Early Years Pupil Premium (EYPP) کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔ EYPP ابتدائی برسوں یں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان کو اضافی پیسے دیتا ہے جسے وہ بچوں کی تعلیم اور نشوونما میں مدد کرنے کے ذریعے بچوں کے لیے نتائج کو بہتر بنانے میں استعمال کر سکتے ہیں۔ ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان ابتدائی دانش اور تعلیم کے مستحق 570 گھنٹوں کا مکمل فنڈ لینے والے ہر بچے کے لیے سالانہ £302 مزید حاصل کر سکتے ہیں اور یہ اضافی پیسے ان کے لیے واقعی بہت فرق پیدا کر سکتے ہیں۔

بچے EYPP کے لیے اہل ہوتے ہیں اگر وہ تین یا چار سال کے ہوں، FEEE وصول کر رہے ہوں اور ان کے والدین اسکول کے مفت کھانوں کے لیے استعمال کردہ معیار پر پورا اترتے ہوں۔ بچے تب بھی اہل ہیں اگر:

- کم از کم ایک دن کے لیے ان کی دیکھ بھال مقامی محکمے کی جانب سے کی جاتی ہے
- ایک کیئر سے گود لیے گئے ہیں
- ایک خصوصی سرپرستی کے حکم کے ذریعے کیئر سے نکلے ہیں
- ایک بچے کے انتظامی حکم کے تابع ہیں۔

تاکہ وہ اضافی پیسوں کا بہترین استعمال کر سکیں آپ کا ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندہ آپ کے ساتھ شراکت داری میں کام کرے گا آپ کے بچے کی تعلیمی اور نشوونما کی ضروریات پر دھیان سے غور کرنے کے لیے، اور مندرجہ ذیل شعبوں میں ان کی مدد کرے گا:

- ذاتی، سماجی اور جذباتی نشوونما
- ابلاغ اور زبان
- جسمانی نشوونما
- خواندگی۔

ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان تمام والدین سے اسی وقت Early Years Pupil Premium Voluntary Registration Form مکمل کرنے کو کہیں گے جب Parent/Carer Agreement فارم مکمل کیا جائے گا تاکہ وہ پڑتال کر سکیں آیا کہ حاضر ہونے والے کسی بھی بچوں میں سے کوئی اضافی فنڈنگ لا سکتا ہے۔

س۔ میرا بچہ **3** اور **4** سال کی مفت اہلیت فنڈنگ کے لیے کب حقدار ہو سکتا ہے؟

ج۔ ان کی 3rd سالگرہ کے بعد کی ٹرم میں، ذیل میں دیکھیں:

ان تاریخوں کے درمیان پیدا ہونے والا بچہ	فنڈنگ کے لیے اہل
1 اپریل - 31 اگست	rd3 سالگرہ کے بعد 1 ستمبر
1 ستمبر - 31 دسمبر	rd3 سالگرہ کے بعد 1 جنوری
1 جنوری - 31 مارچ	rd3 سالگرہ کے بعد 1 اپریل

تاریخیں موجودہ قانونی رہنمائی کے مطابق DfE کی جانب سے مقرر کی گئی ہیں۔

س۔ میں اپنے **3** سالہ بچوں کے لیے مفت مقام کے لیے کیسے درخواست دوں؟

ج۔ اگر آپ کا بچہ پہلے ہی ایک ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندہ کے پاس جا رہا ہے وہ آپ کی جانب سے FEEE کا دعویٰ کریں گے اور آپ سے اس کی تصدیق کرنے کے لیے ایک والدین/نگران معاہدے کے فارم پر دستخط کرنے کو کہیں گے۔ اگر آپ کا بچہ ابھی تک ایک ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندہ کے پاس رجسٹر نہیں ہے، آپ کو ایک ایسا ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندہ تلاش کرنے کی ضرورت ہے جو FEEE مقامات کی پیشکش کرتا ہے اور آپ کے بچے کو ان میں رجسٹر کرتا ہے۔

آپ ایک فراہم کنندہ یہاں سے تلاش کر سکتے ہیں http://www.essex.gov.uk/Education-Schools/Early-Years-Childcare/Pages/Early-years-and-childcare.aspx

یا Family Information Service سے بذریعہ ای میل fis@essex.gov.uk پر یا بذریعہ فون 0800 055 6874 پر رابطہ کریں

س۔ کیا میں توسیعی مفت اہلیت کے لیے اہل ہوں اور میں اس کا دعویٰ کیسے کر سکتا ہوں؟

ج۔ اب آپ بچے کی دیکھ بھال کے انتخابات کی نئی ویب سائٹ پر حکومت کی جانب سے بچے کی دیکھ بھال کی تمام امداد کی بالکل سیدھی سیدھی وضاحت تلاش کر سکتے ہیں: www.childcarechoices.gov.uk

تین اور چار سالہ بچوں کے لیے Extended Free Entitlement (EFE) ستمبر 2017 سے انگلینڈ میں دستیاب ہو گی۔ یہ موجودہ دستیاب 15 گھنٹوں کو دوگنا کرتی ہے اور ملازمت پیشہ خاندانوں کو سالانہ £5,000 تک بچت کروا سکتی ہے۔

اب آپ بچے کی دیکھ بھال کا آن لائن کیلکولیٹر www.gov.uk/childcare-calculator استعمال کرتے ہوئے اپنی اہلیت کی پڑتال کرنے کے قابل ہوں گے اور، اگر اہل ہیں، تو ستمبر سے پہلے ایک آن لائن درخواست جمع کروانے کے قابل ہوں گے۔ جب سائن اپ کر لیا، تو آپ کو اپنے بچے کی دیکھ بھال فراہم کنندہ کے پاس لے جانے کے لیے اہلیت کا ایک کوڈ ملے گا۔ ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندہ پھر مقامی محکمے سے کوڈ کی پڑتال کرے گا۔ اگر اہل ہیں، تو والدین ایک اضافی 15 گھنٹوں تک کے لیے اپنی EFE جگہ مختص کروا سکتے ہیں۔

تین اور چار سالہ بچوں کے ملازمت پیشہ والدین کو EFE کے 15 تک اضافی گھنٹوں کے اہل ہونے کے لیے مندرجہ ذیل معیار پر پورا اترنے کی ضرورت ہو گی:

- وہ آئندہ تین ماہ میں قومی کم سے کم مقدار یا جینے کے لیے اجرت پر 16 گھنٹے کے مساوی کماتے ہیں یا کمانے کی توقع رکھتے ہیں۔

- یہ 25 سال سے زائد عمر کے والد یا والدہ میں سے ہر ایک کے لیے فی ہفتہ £120 (یا c.£6,000 سالانہ) کے مساوی ہے یا 21 اور 24 سال کے درمیان عمر کے والد یا والدہ میں سے ہر ایک کے لیے فی ہفتہ £112.80 (یا c.£5,800 سالانہ) اور اپنے پہلے سال میں تربیت کے لیے £56 فی ہفتہ کے مساوی ہے۔
- اس کا اطلاق ہوتا ہے خواہ آپ ایک بامعاوضہ ملازمت کر رہے ہیں، اپنا کام کرتے ہیں یا صفر گھنٹے معاہدے پر ہیں۔
- والد یا والدہ (اور ان کے شریکِ حیات جہاں قابلِ اطلاق ہو) بچے کی مفت دیکھ بھال کا متلاشی ہونا چاہیئے جو انہیں کام کرنے کے قابل بنائے۔
- جہاں والدہ زچگی میں، والد ولدیت میں، مشترکہ والدین یا گود لینے کی رخصت پر ہوں، یا اگر وہ قانونی بیماری کی رخصت پر ہوں۔
- جہاں والدین میں سے ایک آمدن کے معیار پر پورا اترتا ہے اور دوسرا کام کرنے سے قاصر ہے کیونکہ وہ معذور ہے، دیکھ بھال کی ذمہ داریاں رکھتا ہے یا کام کرنے کی محدود صلاحیت کا حامل تشخیص کیا گیا ہے۔
- جہاں والدین میں سے ایک 'ابتدائی عرصے' میں ہے (مثلاً نئی ملازمت ملی ہے) انہیں 12 ماہ کے لیے یہ مظاہرہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے کہ وہ آمدن کے معیار پر پورا اترتے ہیں۔
- اگر والدین میں سے ایک یا دونوں ہی غیر EEA شہری ہیں، درخواست گزار والد یا والدہ کے پاس سرکاری فنڈز کے وسائل ہونا لازمی ہے

مرکزی ECC ویب سائٹ پر Family Information Service (FIS) کے ویب پیج پر بھی والدین کے لیے معلومات ہیں http://www.essex.gov.uk/Education-Schools/Early-Years-Childcare/Pages/Early-years-and-childcare.aspx۔

آپ کو اس ٹرم میں اپنی فنڈنگ تک رسائی کرنے کے لیے ٹرم کے آغاز سے پہلے EFE کا دعویٰ کیا ہوا ہونے اور اپنا اہلیت کوڈ حاصل کیا ہوا ہونے کی ضرورت ہو گی حسبِ ذیل:

EFE سے منقطع ہونے کی تاریخ	وہ ٹرم جس میں سے فنڈنگ ادا ہو گی
31 اگست	خزاں کی ٹرم
31 دسمبر	بہار کی ٹرم
31 مارچ	گرما کی ٹرم

اگر آپ یہ آخری تاریخ گنوا دیتے ہیں، آپ اگلی ٹرم تک EFE کا دعویٰ کرنے کے قابل نہیں ہوں گے، اور اگر آپ کا بچہ اس سے پہلے آغاز کرتا ہے تو آپ کو بچے کی دیکھ بھال کی فیس ادا کرنی پڑ سکتی ہے

س۔ وہ چند فوائد کیا ہیں جن سے والدین محروم ہو سکتے ہیں اگر وہ توسیعی اہلیت تک رسائی کریں؟

ج۔ آپ کو اپنے لیے کھلے تمام آپشنز کو دیکھنے کی ضرورت ہے یہ یقینی بنانے کے لیے کہ آپ اپنے لیے بہترین پیکیج منتخب کریں جو ان فوائد میں سے کسی کو بھی متاثر نہیں کرتا جس کے آپ اس وقت اہل ہو سکتے ہیں جب آپ توسیعی اہلیت لیتے ہیں۔ Her Majesty's Revenue and Customs (HMRC) کی ویب سائٹ بیان کرتی ہے:

اہلیت کے معیار بچے کی ٹیکس سے پاک دیکھ بھال جیسے ہی ہیں، ماسوائے اس کے کہ والدین توسیعی اہلیت کی فنڈنگ وصول کرنے کے ساتھ ہی مندرجہ ذیل قسم کی امداد حاصل کرنا جاری رکھ سکتے ہیں:

- ٹیکس کریڈٹس
- یونیورسل کریڈٹ
- بچے کی دیکھ بھال کے واؤچرز یا تنخواہ قربان کرنے کی اسکیمیں
- بچے کی دیکھ بھال کی گرانٹس اور کالج کے وظائف

یہ ممکن ہے کہ ورکنگ ٹیکس کریڈٹس کے بچے کی دیکھ بھال کا عنصر متاثر ہو سکتا ہے کیونکہ آپ غالباً بچے کی دیکھ بھال کے لیے کم ادائیگی کر رہے ہوں گے۔

اپنے فیصلے کرنے کے لیے، بچے کی دیکھ بھال کے انتخابات کی لاگت کا کیلکولیٹر استعمال کرنا مفید ہو سکتا ہے۔ یہ یہاں مل سکتا ہے

https://childcare-support.tax.service.gov.uk/par/app/extendedentitlement

س۔ میں بچے کی دیکھ بھال کے لیے آیا استعمال کرتا/کرتی ہوں۔ کیا وہ میری طرف سے مفت اہلیت کی فنڈنگ کا دعویٰ کرنے کے قابل ہیں؟

ج۔ جی ہاں، تمام آیائیں FEEE فنڈنگ کا دعویٰ کر سکتی ہیں جب تک کہ وہ؛

- Ofsted میں رجسٹر ہیں،
- تین اور چار سالہ بچوں کو FEEE پیش کرنے کے لیے Ofsted کی جانب سے اچھی، غیر معمولی یا بہتری درکار ہے کے فیصلے کی حامل ہیں
- اہلیت رکھنے والے دو سالہ بچوں کو FEEE پیش کرنے کے لیے Ofsted کی جانب سے اچھی یا غیرمعمولی کے فیصلے کی حامل ہیں
- ECC کے ساتھ ایک FEEE فنڈنگ معاہدے کی حامل ہیں

س۔ اگر ایک ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندہ ایک **Ofsted** فیصلے کا حامل نہیں ہے تو کیا ہوتا ہے؟ کیا وہ میری طرف سے مفت اہلیت کی فنڈنگ کا دعویٰ کرنے کے قابل ہیں؟

ج۔ جی ہاں نئے اندراج شدہ ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان Ofsted کی جانب سے اپنے پہلے معائنے سے قبل FEEE پیش کرنے کے اہل ہیں۔ تاہم، Ofsted کی جانب سے ان کے معائنے کے نتائج تعین کریں گے کہ آیا وہ FEEE پیش کرنا جاری رکھ سکتے ہیں یا آیا کہ وہ دو سالہ اہل بچوں کو جگہوں کی پیشکش کر سکتے ہیں

DfE کی قانونی رہنمائی کے مطابق ان پر یہ بھی لازم ہے کہ؛

- شاگردوں کی روحانی، اخلاقی، سماجی اور ثقافتی نشوونما کے متعلق اسکول کے آزادانہ معیار پر پورا اتریں
- مختلف اعتقادات اور مذاہب رکھنے والوں کے ساتھ برطانیہ کی جمہوریت کی بنیادی اقدار، قانون کی حکمرانی، انفرادی آزادی اور باہمی احترام اور رواداری کو فعال طور پر فروغ دیں
- ان خیالات یا نظریات کو حقائق کے طور پر فروغ نہ دیں جو مسلمہ سائنسی یا تاریخی ثبوت اور وضاحتوں سے متصادم ہیں

میں ایک رجسٹرڈ آیا ہوں، کیا میں اپنے بیٹے کی نگہداشت کے لیے **FEEE** کا دعویٰ کر سکتی ہو؟

ج۔ نہیں، آیاؤں کو ایسے بچوں جو ان کے اپنے خاندان کے افراد ہیں کو ابتدائی دانش اور تعلیم اور بچے کی دیکھ بھال فراہم کرنے کے لیے FEEE فنڈنگ کا دعویٰ کرنے کی اجازت نہیں ہے، مثلاً اگر وہ بچے کے والدین، دادا دادی یا نانا نانی، بھائی یا بہن، انکل یا آنٹی ہیں۔ براہِ کرم نوٹ فرمائیں کہ اس کی تعریف Essex County Council کی جانب سے نہیں بلکہ حکومت کی جانب سے Childcare Act 2006 کے سیکشن 18 میں کی گئی ہے

3. لچکداری – لچکداری سے کیا مراد ہے؟

نتیجہ: بعض اوقات بچے اپنا مکمل FEEE شروع کرنے کے قابل ہوتے ہیں جو ان کی تعلیم میں بہترین معاونت کرتا ہے اور بعض اوقات ایسا جو والدین کی ضروریات سے مطابقت رکھتا ہے۔

FEEE کی لچکداری مہیا کرنے والے ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان لازماً یقینی بنائیں کہ حقداری کی پیشکش آپ کو ایسے طریقوں سے کی جاتی ہے جو آپ کی ضروریات کو پورا کرتے ہیں اور اس بارے میں حقیقی انتخاب فراہم کرتے ہیں کہ آپ ایک مفت جگہ تک رسائی کیسے کرتے ہیں۔

اکثر پوچھے گئے سوالات

س۔ مجھے کیسے پتہ چلے کہ مجھے وہ کچھ مل رہا جس کا/کی میں حقدار ہوں؟

ج۔ آپ کے فراہم کنندہ پر لازم ہے کہ آپ کے ساتھ والدین/نگران معاہدہ مکمل کرے کیونکہ یہ بیان کرتا ہے کہ آپ FEEE تک رسائی کیسے کر رہے ہیں، اور یہ لازماً ان گھنٹوں سے زیادہ نہیں ہونا چاہیئے جتنے گھنٹے آپ کا بچہ بچے کی دیکھ بھال فراہم کنندہ کے ساتھ FEEE تک رسائی کر رہا ہے۔ یہ انتہائی اہم ہے کہ آپ فارم پر دستخط کرنے سے پہلے اپنے بچے کی جگہ سے متعلق تمام تر تفصیلات سے آگا ہوں۔ اطمینان کر لیں کہ آپ کسی بھی اضافی لاگتوں سے اور ان کے مقصد سے باخبر ہیں۔ ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان پر یہ یقینی بنانا لازم ہے کہ آپ بغیر کسی اضافی لاگت کے اپنی حقداری تک رسائی کرنے کے قابل ہیں ماسوائے اس کے کہ ان پر آپ کے بچے کے جگہ لینے سے پہلے اتفاق ہو چکا ہے۔ براہ کرم مندرجہ ذیل کو ذہن میں رکھیں:

- فارم کو مکمل کرنا اور اس پر دستخط کرنا ٹرم کے عرصے کے لیے آپ اور فراہم کنندہ کے درمیان معاہدے پر اتفاق کی تصدیق کرتا ہے۔
- والدین/نگران معاہدے کا فارم ٹرم کے دورانیے کے لیے گھنٹوں/FEEE کے ہفتوں کی تعداد کو ریکارڈ کرتا ہے
- والدین/نگران معاہدے کا فارم آپ کو مطلع کرتا ہے کہ اگر آپ گنتی ہو جانے کے بعد اپنے بچے کو منتقل کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں، ٹرم میں اس مقام پر جب فراہم کنندہ فنڈ کیے گئے بچوں کے کوائف ECC کو مہیا کرتا ہے، آپ کو نئے فراہم کنندہ کو مکمل فیس کی ادائیگی کرنی پڑ سکتی ہے
- تین اور چار سالہ بچوں کے لیے FEEE کے لیے والدین/نگران معاہدے کا فارم ریکارڈ کرتا ہے کہ آیا ایک فراہمی میں فنڈنگ تک رسائی کر رہے ہیں یا دو میں
- والدین/نگران معاہدے کا فارم آپ کو اس سے مطلع کرتا ہے کہ گھنٹے کیسے لیے جا سکتے ہیں
- والدین/نگران معاہدے کا فارم آپ کو مطلع کرتا ہے کہ اضافی اخراجات لیے جا سکتے ہیں
- والدین/نگران معاہدے کا فارم آپ کو ایک ٹرم میں گھنٹے بڑھانے کی پابندیوں کے متعلق مطلع کرتا ہے
- والدین/نگران معاہدے کا فارم آپ کو مطلع کرتا ہے کہ اگر آپ کا بچہ اسکول شروع کرتا ہے تو کیا ہوتا ہے

س۔ کیا لنچ یا کھانے کے اوقات مفت حقداری میں شامل ہو سکتے ہیں اور کیا اس کے لیے ادائیگی کرنا ہو گی؟

ج۔ جی ہاں۔ مفت حقداری کے گھنٹے، یونیورسل اور توسیعی دونوں حقداریوں میں، لنچ وقت کے عرصے کا احاطہ کر سکتے ہیں جہاں اسے بچے کی مجموعی تعلیم اور نشوونما کے عمل میں معاونت کے لیے ترتیب دیا گیا ہو

جب مفت حقداری کے اوقات میں لنچ کے وقت کا عرصہ شامل ہو لنچ یا سنیکس کے لیے ایک تبدیلی ہو سکتی ہے، لنچ کے لیے کسی بھی تبدیلی پر آپ کا پیشگی اتفاق کرنا لازمی ہے۔ اگر آپ یہ خرچ ادا نہیں کرنا چاہتے تو فراہم کنندہ پر لازم ہے کہ آپ کو ایک پیک کیا ہوا لنچ لانے کا انتخاب دے یا لنچ کے عرصے میں آپ کو بچے کو عمارت سے باہر لے جانے کی اجازت دے

س۔ فراہم کنندہ نے مجھے ایک ٹاپ اپ فیس ادا کرنے کو کہا ہے - کیا اس کی اجازت ہے؟

ج۔ جی نہیں ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان کسی بھی مفت حقداری گھنٹوں کے لیے ایک 'ٹاپ اپ' فیس (ان کی جانب سے عام طور پر وصول کیے جانے والے اخراجات اور ECC کی جانب سے انہیں وصول شدہ رقم کے درمیان فرق) وصول نہیں کر سکتے۔

ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان صرف ان گھنٹوں اور خدمات کے لیے رقم وصول کر سکتے ہیں جو مفت حقداری کا حصہ نہیں ہیں۔ کوئی بھی لاگتیں جو آپ کے ذمے واجب الادا ہو سکتی ہیں والدین/نگران معاہدے کے فارم پر پیشگی طور پر بالکل واضح کی جائیں، جسے ظاہر کرنا چاہیئے کہ؛

- آپ نے اپنے بچے کی 15 گھنٹے کی مکمل فنڈڈ جگہ بالکل مفت وصول کی ہے، مفت 15 گھنٹوں میں نگرانی کی کوئی رقم منسلک نہیں ہونی چاہیئے
- اضافی گھنٹوں اور خدمات کے لیے وصولی کی جا سکتی ہے، مثلاً کھانے یا فنڈڈ مفت گھنٹوں سے اضافی گھنٹے۔ فراہم کنندہ پر لازم ہے کہ آپ کو ان سے مطلع کرے قبل اس سے کہ آپ جگہ لیں کیونکہ آپ والدین کے معاہدے کے فارم پر دستخط کرتے ہوئے ان سے اتفاق کر رہے ہوں گے

براہِ کرم اس سے بھی آگاہ رہیں کہ؛

- بچے کی FEEE جگہ سے باہر اضافی گھنٹوں کے لیے فراہم کنندہ جو شرحیں وصول کرتا ہے وہ فراہم کنندہ اور بچے کے والدین/نگران کے درمیان ایک نجی معاملہ ہیں۔ مقامی محکمہ کے حکام بچے کی FEEE جگہ سے باہر ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان کے نجی کاروبار میں مداخلت نہیں کر سکتے
- اگر آپ کا بچہ FEEE کے صرف 15 گھنٹے وصول کر رہا ہے تو آپ کو ایک انوائس کی ضرورت نہیں ہو گی۔ تاہم، فراہم کنندہ پر لازم ہے کہ آپ کو یہ بتائے کہ آپ کی جانب سے فنڈنگ کے لیے ایک درخواست دے دی گئی ہے اور یقینی بنائے کہ آپ والدین/نگران معاہدے کا فارم مکمل کرتے ہیں
- کسی بھی اضافی گھنٹوں اور/یا خدمات کے لیے اخراجات لازمی طور ایک انوائس پر علیحدہ سے صاف صاف درج ہونے چاہیئیں۔

س۔ مجھے کیسے پتہ چلے کہ مجھ سے ٹھیک رقم وصول کی جا رہی ہے؟

ج۔ آپ کو ایک انوائس فراہم کی جانی چاہیئے جو لازماً واضح اور شفاف ہو تاکہ آپ صاف سمجھ سکیں کہ کس چیز کی وصولی کی گئی ہے۔

ایک فراہم کنندہ آپ کو جو انوائس بھیجتا ہے اس میں مندرجہ ذیل شامل ہونی چاہیئیں:

- متعلقہ تاریخ
- بچے کی دیکھ بھال کی فراہمی کی تفصیلات
- آپ/آپ کے بچے کی تفصیلات
- وہ عرصہ جس کے لیے یہ انوائس ہے جیسے کہ ایک ہفتہ، دو ہفتے، ایک ماہ
- اس میں فہرست ہونی چاہیئے کہ کیا مفت ہے جیسے کہ FEEE فنڈڈ گھنٹے، اور قابلِ وصولی اشیاء کیا ہیں
- انوائس پر FEEE گھنٹے بطور نگرانی کی قدر یا بطور ایک رعایتی چیز ظاہر نہیں کیے جا سکتے
- قابلِ وصولی گھنٹے جو FEEE گھنٹوں کے باہر لیے گئے ہیں انوائس پر صاف صاف درج ہونے چاہیئیں
- کوئی بھی سنیکس، کھانے اور اضافی سرگرمیاں جن پر آپ سے پیشگی اتفاق ہوا ہے انوائس پر صاف صاف ایک فہرست کی شکل میں درج ہونے چاہیئیں
- فراہم کنندہ کو نشاندہی کرنی چاہیئے کہ آپ کو کب ان کی انوائس کی ادائیگی کرنی چاہیئے

س۔ اگر میں صرف اپنی مفت حقداری چاہتا ہوں تو کیا مجھے کچھ ادا کرنا پڑے گا؟

ج۔ نہیں، حقداری مفت ہے، ہر اہل دو، تین اور چار سالہ بچے کے لیے جزوقتی جگہ۔ اگر آپ صرف اپنے FEEE فنڈڈ گھنٹوں تک رسائی کرنا چاہتے ہیں آپ کو کوئی اضافی اخراجات ادا کرنے کی توقع نہیں رکھنی چاہیئے جیسے کہ سنیکس یا اضافی غیر نصابی سرگرمیاں ماسوائے اس کے کہ آپ نے اپنی جگہ لینے سے پہلے ان پر اتفاق کیا ہو۔

ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان تین اور چار سالہ بچوں کے لیے مفت حقداری کی جگہ مخصوص کرنے کے لیے ایک قابلِ واپسی رقم جمع کر سکتے ہیں، لیکن دو سالہ اہل بچوں کے لیے نہیں۔ ایک ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندہ زیادہ سے زیادہ ایک ہفتے کے اخراجات تک کے لیے رقم جمع کر سکتا ہے جو ان گھنٹوں کی تعداد کا احاطہ کریں جو آپ لینا چاہتے ہیں۔ ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندہ پر لازم ہے کہ جب آپ کا بچہ جگہ لیتا ہے تو آپ کو جمع شدہ رقم واپس کر دے اس ٹرم کے لیے آدھی ٹرم کے وقفے سے پہلے پہلے۔

ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان پر لازم ہے کہ؛

- فنڈڈ جگہ کے ساتھ کوئی شرائط منسلک نہ کریں جو آپ کو اضافی گھنٹے خریدنے یا لنچ کے وقت کے اخراجات ادا کرنے پر مجبور کریں تاکہ مفت ابتدائی تعلیم حاصل کی جائے
- کسی بھی اشیاء یا خدمات کے لیے وصولی نہ کریں جہاں ایسی ادائیگی مفت جگی تک رسائی کے ساتھ مشروط ہے مثال کے طور پر ایک اندراج کی فیس یا وردی کے لیے اخراجات

س۔ میں ہفتے میں کتنے دن اپنی مفت حقداری لے سکتا ہوں؟

ج۔ FEEE بہت سے طریقوں سے لی جا سکتی ہے۔ ECC کا فرض ہے کہ یقینی بنائے کہ، بطور کم از کم، آپ مندرجہ ذیل طریقوں سے FEEE تک رسائی کر سکتے ہیں:

- یا تو ہفتے کے پانچ دنوں میں تین گھنٹے فی دن
- یا ہفتے کے تین دنوں میں پانچ گھنٹے فی دن

مفت ابتدائی تعلیم کی جگہ آپ کو کسی ایک فراہم کنندہ یا فراہمی کے ایک مخصوص طریقے سے ایک جگہ کی ضمانت کی پیشکش نہیں کرتی، آپ کو ایک ایسی جگہ تلاش کرے کی ضرورت ہے جو آپ کی ضروریات سے مطابقت رکھتی ہو۔ زیادہ تر ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان اسکول کی ٹرم کے اوقات کے مطابق FEEE جگہیں فراہم کرنے کا انتخاب کرتے ہیں، لیکن ان کے لیے یہ ایک تقاضہ نہیں ہے کہ ایسا کریں اور چند ایک زیادہ ہفتوں کے لیے بھی FEEE جگہوں کی پیشکش کرتے ہیں۔

س۔ کیا میں اب بھی **38** ہفتوں سے کم کے لیے بھی اپنی مفت حقداری فنڈنگ لینے کا انتخاب کر سکتا/سکتی ہوں؟

ج۔ جی ہاں، آپ اپنی مرضی کے فراہم کنندہ پر 38 ہفتوں سے کم کے لیے فنڈنگ لے سکتے ہیں؛ انہیں کم از کم 33 ہفتوں کی پیشکش کرنی چاہیئے۔

اگر آپ کا فراہم کنندہ ایک رعایتی حقداری فراہم کرنے کے لیے فنڈنگ وصول کر رہا ہے وہ فراہمی کے لیے اضافی گھنٹوں کے لیے رقم وصول نہیں کر سکتے اگر آپ کا بچہ فی ہفتہ 15 گھنٹے یا اس سے کم حاصل کر رہا ہے۔

اگر آپ ایک ایسا فراہم کنندہ استعمال کرنے کا انتخاب کرتے ہیں جو 38 ہفتے سے کم کی پیشکش کرتا ہے، پھر ایک اور فراہمی پر باقی ہفتوں کی تلافی کرنا ممکن نہیں ہے۔ اگر آپ کو مکمل 38 ہفتوں کی ضرورت ہے تو ایک ایسا فراہم کنندہ منتخب کرنا بہترین ہے جو اس کی گنجائش نکال سکے۔

س۔ کیا میں اپنی مفت حقداری **38** ہفتوں سے زائد لینے کے قابل ہوں؟

ج۔ جی ہاں، آپ کر سکتے ہیں، لیکن فی ٹرم گھنٹوں کی کم از کم تعداد جس کا آپ دعویٰ کر سکتے ہیں نہ تو تبدیل ہوتی ہے نہ ہی اس فنڈنگ کی رقم تبدیل ہوتی ہے جس کے آپ مستحق ہیں۔ زیادہ سے زیادہ گھنٹوں کی تعداد کو تقسیم کرنے کے لیے نیچے دیا گیا جدول دیکھیں جس کا آپ ہر ٹرم میں دعویٰ کر سکتے ہیں، گھنٹوں کی کل تعداد جس کا آپ دعویٰ کر سکتے ہیں وہ سالانہ 570 ہے۔

ٹرم	مشمولہ ٹرم کی تاریخیں	دورانیہ FEEE	گھنٹوں میں مساوی
گرما 2017	2017/04/18 تا 2017/07/21	13 ہفتے	13 ہفتے x 15 گھنٹے = 195 گھنٹے
خزاں 2017	04/09/2017 تا 20/12/2017	14 ہفتے	14 ہفتے x 15 گھنٹے = 210 گھنٹے
بہار 2018	02/01/2018 تا 29/03/2018	11 ہفتے	11 ہفتے x 15 گھنٹے = 165 گھنٹے

اگر آپ کا فراہم کنندہ سال کے 50 ہفتوں سے زائد فنڈنگ کی پیشکش کرتا ہے تو براہِ کرم آگاہ رہیں کہ فی ہفتہ زیادہ سے زیادہ 15 گھنٹے حسبِ شرح کارگر ہوں گے اور اس لیے گھنٹے اندازاً 11 گھنٹے فی ہفتہ کم ہو جائیں گے۔

س۔ کیا میرے فراہم کنندہ کو تربیت کے دنوں کے لیے بند ہونے کی اجازت ہے؟

ج۔ جی ہاں ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان فی ٹرم 1 دن کے لیے FEEE کا دعویٰ کر سکتے ہیں جب وہ عملے کی تربیت کے لیے کھلے ہوں۔ جہاں ممکن ہو یہ ایام فنڈڈ سیشنز سے باہر لیے جانے چاہیئں، لیکن کچھ ادارے اس کی گنجائش نہیں نکال سکتے کیونکہ وہ فنڈڈ ہفتوں سے زیادہ کے لیے نہیں کھلتے۔ اگر ایسی صورتحال ہے تو فراہم کنندہ کو چاہیئے کہ آپ کے والدین/نگران معاہدے کے فارم پر دستخط کرنے سے پہلے آپ کو آگاہ کریں کہ آپ فی ٹرم FEEE کے ایک دن سے محروم ہوں گے۔ آپ کے فراہم کنندہ کو کسی بھی طے شدہ بندش کا کم از کم ایک آدھی ٹرم کا نوٹس بھی دینا چاہیئے۔ اس دن کے لیے آپ کو کوئی رقم واپس نہیں ملے گی کیونکہ FEEE فنڈنگ کی کوئی نقد قدر نہیں ہے

س۔ جس دن میرا بچہ حاضر ہوتا ہے اس دن اگر ایک بنک کی چھٹی کا دن ہو تو کیا ہوتا ہے؟ کیا میں ایک متبادل دن کی پیشکش کیے جانے کا اہل ہوں تاکہ میرا بچہ اپنی مکمل مفت حقداری فنڈنگ تک رسائی کر سکے؟

ج۔ اگر آپ اپنے بچے کی FEEE جگہ تک رسائی کی درخواست ایک ایسے دن پر کرتے ہیں جہاں ایک بینک کی چھٹی آتی ہے، مثلاً سوموار، پھر ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندہ کو چاہیئے کہ آپ کو والدین کے معاہدے کے فارم پر دستخط کرنے سے پہلے مطلع کرے کہ آپ کا بچہ بینک کی چھٹیوں میں اپنی حقداری تک رسائی کرنے سے قاصر ہو گا۔ کچھ ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان اس عرصے کا احاطہ کرنے کے لیے آپ کو ایک مختلف سیشن کی پیشکش کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں، لیکن وہ سبھی ایسا کرنے کے قابل نہیں ہوں گے۔ اگر ایک ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندہ ایک متبادل کی پیشکش کرنے کے قابل نہیں ہے، آپ کو آگاہ رہنے کی ضرورت ہے کہ آپ کا بچہ اپنی مکمل حقداری وصول نہیں کرے گا جہاں فنڈڈ ہفتوں میں بینک کی تعطیلات ہوں کیونکہ ان ایام کو دیگر ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان کے ساتھ نہیں لیا جا سکتا۔

س۔ DfE کی ہدایات کہتی ہیں کہ میں ایک دن میں زیادہ سے زیادہ 10 گھنٹوں کا دعویٰ کر سکتا ہوں - کیا یہ درست ہے؟

ج۔ جی ہاں۔ مرکزی حکومت کی جانب سے مقرر کردہ ہدایات اقرار کرتی ہیں کہ والدین کسی بھی ایک دن میں FEEE کے 10 گھنٹے تک کا دعویٰ کر سکتے ہیں۔

والدین کے لیے یہ بھی ممکن ہے کہ وہ کم از کم دو دنوں میں اور زیادہ سے زیادہ پانچ دنوں میں اپنے 15 گھنٹے لے سکتے ہیں، اور صبح 6 بجے اور رات 8 بجے کے درمیان دعویدار بن سکتے ہیں۔

س۔ میں جن گھنٹوں کا دعویدار بننا چاہتا ہوں صرف وہی طلب کرنا ٹھیک ہے یا مجھے مکمل حقداری ہی لینا پڑے گی؟

ج۔ جی ہاں، آپ صرف وہ گھنٹے طلب کر سکتے ہیں جو آپ چاہتے ہیں، اگر آپ نہیں لینا چاہتے، تو آپ کو پورے 15 گھنٹے، یا اضافی 15 گھنٹے اگر آپ EfE کے اہل ہیں، نہیں لینے ہوں گے۔

ہر ٹرم کے آغاز پر اپنے گھنٹے طلب کرتے ہوئے فراہم کنندہ کے ساتھ واضح کر لیں کہ آپ کتنے گھنٹے لے سکتے ہیں اور کب لے سکتے ہیں۔ یہ آپ کے والدین/نگران معاہدے کے فارم پر تصدیق شدہ ہونا چاہیئے۔

NB. فراہم کنندہ کنندہ کو ECC کی جانب سے صرف ان گھنٹوں کے لیے پیسے دیئے جائیں گے جن گھنٹوں میں آپ کا بچہ واقعتاً وہاں جاتا ہے۔

س۔ اگر میں اپنی بچے کی دیکھ بھال کی حقداری کو Essex کے دو ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان میں تقسیم کرنا چاہوں تو پھر کیا ہوتا ہے - کیا میں یہ کر سکتا ہوں اور دعویٰ کردہ گھنٹوں کی تعداد کی پڑتال کیسے ہوتی ہے؟

ج۔ جی ہاں، اگر آپ تین اور چار سالہ بچوں کے لیے FEEE تک رسائی کر رہے ہیں آپ 15 گھنٹوں کو، یا اگر آپ EfE کے اہل ہیں تو اضافی 15 گھنٹوں کو، دو ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان کے درمیان تقسیم کر سکتے ہیں اگر اس سے آپ کی ضروریات پوری ہوتی ہیں۔ تاہم، آپ کو آگاہ رہنے کی ضرورت ہے کہ بچے کی دیکھ بھال کے کچھ مراکز، خصوصاً اسکولوں کی ایک بلاشرکتِ غیرے فراہم کنندہ کی پالیسی ہو گی اور وہ فنڈنگ کو تقسیم کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔

اگر آپ فنڈنگ کو تقسیم کر رہے ہیں آپ اس کا اعلان والدین کے معاہدے کے فارم پر کریں گے جس پر آپ اپنے منتخب کردہ ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان میں سے ہر ایک کے ساتھ ہر ٹرم کے آغاز پر دستخط کریں گے ان گھنٹوں کی تعداد کی تفصیل فراہم کرتے ہوئے جو آپ ہر فراہمی پر لیں گے۔ آپ پر لازم ہے کہ اپنے منتخب کردہ ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان میں سے ہر ایک کے درمیان اپنی حقداری سے زیادہ کا دعویٰ نہ کریں۔

دونوں ادارے پھر اپنے بچے کے لیے آپ کے دعوے کی تفصیلات Essex County Council کو بھیجیں گے جو پھر زائد دعووں کو روکنے کے لیے ہر بچے کی تفصیلات کی پڑتال کرے گی۔ اگر آپ زیادہ کا دعویٰ کرتے ہیں، تو آپ سے توقع کی جائے گی کہ آپ ہر ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندہ پر FEEE سے زائد گھنٹوں کے لیے ان کی شرح سے ادائیگی کریں

اگر آپ کا بچہ دو سالہ بچوں کے لیے FEEE تک رسائی کر رہا ہے، وہ صرف ایک فراہم کنندہ پر جا سکتا ہے۔

س۔ کیا آپ اسکول کی جگہوں اور نرسری جگہوں کو اکٹھا کر سکتے ہیں؟

ج۔ جی ہاں، اگر آپ چاہیں تو آپ اپنی مفت حقداری کو PVI فراہمی اور ایک زیرِ اہتمام اسکول نرسری/نرسری کلاس/نرسری اسکول کے درمیان تقسیم کر سکتے ہیں۔ تاہم آپ کو ذہن میں رکھنا چاہیئے کہ زیادہ تر اسکولوں کی ایک واحد فراہم کنندہ کی پالیسی ہو گی اور ہو سکتا ہے یہ ممکن نہ ہو۔

ECC کا FEEE معاہدہ ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان کو ایک 'بلاشرکتِ غیرے فراہمی پالیسی' چلانے کا اختیار دیتا ہے اگر یہ ان کی پالیسی ہے تو ان پر لازم ہے کہ والدین/نگران معاہدے کا فارم مکمل کرتے وقت وہ آپ کو اس سے مطلع کریں۔

آپ فنڈنگ کو ایک PVI اور ایک اسکول میں ایک استقبالیہ کلاس کے درمیان تقسیم نہیں کر سکتے۔ جب بچہ کسی بھی اسکول میں استقبالیہ کلاس میں داخل ہوتا ہے تو وہ FEEE کا مزید اہل نہیں رہتا۔

اگر آپ کا بچہ ایک سرکاری اسکول (ایک نجی یا آزاد اسکول نہیں) میں ایک استقبالیہ کلاس شروع کرنے والا ہے تو آپ مفت حقداری فنڈنگ کا دعویٰ کرنے کے مزید اہل نہیں رہیں گے۔

س۔ کیا ہم اصرار کر سکتے ہیں کہ فراہم کنندہ طویل گھنٹوں کے لیے کھلا رہے؟

ج۔ جی نہیں۔ یہ انفرادی انتظامات پر چھوڑ دیا گیا ہے، لیکن مساوی طور پر انہیں والدین کے (کافی) مطالبے کو لازماً ذہن میں رکھنا چاہیئے کیونکہ کوئی دوسرا فراہم کنندہ اس ضرورت کو یا مارکیٹ میں کسی بھی خلاء کو پورا کر سکتا ہے۔

NB. مفت حقداری کے گھنٹوں تک صبح 6 بجے سے رات 8 بجے تک رسائی کی جا سکتی ہے۔

س۔ اب میں اپنے گھنٹے بڑھانا چاہتا ہوں، اگرچہ ٹرم شروع ہو گئی ہے کیا یہ ممکن ہے؟

ج۔ جی نہیں، ہر ٹرم کے آغاز پر ہم والدین/نگرانوں کو فراہم کنندہ کے ساتھ ایک اعلامیہ فارم پر دستخط کرنے کو کہتے ہیں جو انہیں آپ کی جانب سے فنڈنگ کا دعویٰ کرنے کے قابل بناتا ہے۔ گنتی ہو جانے کے دن کے بعد گھنٹوں میں اضافہ کرنے کا مطلب ہے کہ فراہم کنندہ والدین کے جانب سے درخواست کردہ اضافی گھنٹون کے لیے دعویٰ نہیں کر سکتا۔ ECC فراہم کنندہ کو ان اضافی گھنٹوں کے لیے ادائیگی نہیں کرے گی۔ ایسی صورت میں فراہم کنندہ والدین سے اضافی گھنٹوں کی ادائیگی کرنے کو کہہ سکتا ہے موجودہ ٹرم کے اختتام تک (یہ فراہم کنندہ/والدین کے معاہدہ میں شامل ہونا چاہیئے)۔

4. معیار

نتیجہ: تمام بچے ایک اعلیٰ معیار کے ماحول میں فنڈڈ ابتدائی دانش کی تعلیم کے لیے اپنی حقداری لینے کے قابل ہوتے ہیں۔ ثبوت ظاہر کرتا ہے کہ بلند معیار کی فراہمی کے بچوں کی نشوونما کے لیے بہت اچھے فوائد ہوتے ہیں، خصوصاً بہت زیادہ پسماندہ بچوں کے لیے۔ ثبوت یہ بھی ظاہر کرتا ہے کہ دو سال کی عمر میں بلند معیار کی ابتدائی تعلیم بچوں کی نشوونما کے لیے فوائد لاتی ہے۔ یہ رہنمائی حکومت کے ارادے کی عکاس ہے کہ، جہاں تک ممکن ہو سکے، دو سالہ بچوں کے لیے ابتدائی تعلیم ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان کے ذریعے فراہم کی جائے جنہوں نے اپنی حالیہ ترین Ofsted رپورٹ میں 'غیرمعمولی' یا 'اچھے' کی مجموعی درجہ بندی حاصل کی ہے۔

اکثر پوچھے گئے سوالات

س۔ مجھے کیسے معلوم ہو کہ میرے بچے کو بہترین دیکھ بھال مل رہی ہے؟

ج۔ ECC پر یہ یقینی بنانا لازم ہے کہ ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال کے تمام فراہم کنندگان جو FEEE فراہم کرتے ہیں لازماً:

- مکمل Early Years Foundation Stage (EYFS) فراہم کریں اور یا تو Ofsted کے ساتھ بطور ابتدائی سالوں کے فراہم کنندہ رجسٹر ہوں، یا ایک اسکول ہوں جو تین سال اور اس سے زائد عمر کے بچوں کو لیتا ہے اور لہٰذا Ofsted کے ساتھ بطور ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندہ رجسٹریشن سے مستثنیٰ ہے
- Ofsted کی جانب سے ایک معائنہ کروائیں
- FEEE وصول کرنے والے بچوں کے متعلق ریکارڈ سنبھال کر رکھیں اور ان معلومات کو درخواست کرنے پر مقامی محکمے، اور Ofsted کے لیے دستیاب بنائیں

س۔ کیا میں اپنی مفت حقداری اپنی مرضی کے کسی بھی فراہم کنندہ پر حاصل کر سکتا ہوں؟

ج۔ ECC صرف ان ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندہ کو فنڈ دے گی جو Ofsted کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں اور ایک FEEE معاہدے کے حامل ہیں، اور:

- اپنے فیصلے کو بنیاد بنائیں گے کہ آیا ایک ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندہ کو فنڈ دینے ہیں تاکہ وہ ایک ابتدائی تعلیم کی جگہیں بلا شرکتِ غیرے اپنے حالیہ ترین Ofsted پر دیں
- کسی بھی فراہم کنندہ جس کی درجہ بندی Ofsted کی جانب سے 'اچھے' یا 'غیر معمولی' کے طور پر کی گئی ہے میں جانے والے دو، تین اور چار سالہ بچوں کے لیے فنڈ رکھیں گے
- کسی بھی فراہم کنندہ جس کی درجہ بندی Ofsted کی جانب سے 'بہتری کی ضرورت ہے' کے طور پر کی گئی ہے میں جانے والے تین اور چار سالہ بچوں کے لیے فنڈ رکھیں گے
- 'بہتری کی ضرورت ہے' کے حامل ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان میں صرف دو سالہ بچوں کی جگہ کے لیے فنڈ دیں گے جہاں کافی، قابلِ رسائی 'اچھا' یا 'غیر معمولی' فراہمی نہیں ہے
- متبادل فراہمی دیں گے اور فنڈنگ سے دستبردار ہوں گے، جیسے ہی قابلِ عمل ہو، ایسے بچوں کے لیے جو پہلے ہی ایک فراہم کنندہ پر اپنی فنڈڈ حقداری حاصل کر رہے ہیں جب اس کی درجہ بندی Ofsted کی جانب سے 'ناکافی' کے طور پر کی جاتی ہے
- Ofsted کے ساتھ رجسٹرڈ ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال کے نئے فراہم کنندگان کو فنڈ دیں گے تاوقتیکہ ان کا پہلا مکمل Ofsted معائنے کا فیصلہ شائع ہو جائے۔

5. FEEE جگہوں کو فنڈ دینا

نتیجہ: منصفانہ اور شفاف فنڈنگ جو ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان کی ایک متنوع حد کی معاونت کرتی ہے تاکہ وہ ابتدائی تعلیم کی جگہیں فراہم کریں اور موجودہ ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان کو ترغیب دیتی ہے کہ وہ وسیع ہوں اور نئے ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان کو کہ وہ بچے کی دیکھ بھال کی مارکیٹ میں داخل ہوں۔ یہ تنوع والدین کو ایک فراہم کنندہ منتخب کرنے کے قابل بناتا ہے جو ان کے بچے اور خاندان کی ضروریات کو بہترین طور پر پورا کرتا ہے۔

اہل بچے سال میں FEEE کے 570 گھنٹوں کے مستحق ہیں جو کم از کم 33 ہفتوں اور زیادہ سے زیادہ 52 ہفتوں کے عرصے میں لیے جا سکتے ہیں۔ اہلیت کو تین عرصوں میں تقسیم کیا گیا ہے جن کی حد گیارہ سے پندرہ ہفتوں تک ہے جو کہ اسکول کے عرصوں کی عکاسی کرتے ہیں۔

ستمبر 2017 سے، پورے ملک میں ملازمت پیشہ اہل والدین کے بچے سالانہ 570 اضافی گھنٹوں کے اہل ہوں گے، جس کا مطلب ہے کہ بہت سے خاندان بچے کی مفت دیکھ بھال کے سالانہ 1140 گھنٹوں یا اپنے 3 یا 4 سالہ ہر بچے کے لیے زیادہ سے زیادہ 30 گھنٹے فی ٹرم-وقت ہفتہ کا دعویٰ کرنے کے قابل ہوں گے۔

اکثر پوچھے گئے سوالات

س۔ ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندہ ECC سے فنڈنگ کا دعویٰ کیسے کرتے ہیں؟

ج۔ ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندہ آپ کے بچے کی تفصیلات ہر ٹرم میں ایک مقررہ وقت پر ایک آن لائن فارم پر داخل کرتا ہے، ذیل کا جدول ٹرم کی تاریخیں بیان کرتا ہے جب فنڈنگ کا دعویٰ کیا جا سکتا ہے۔ ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندہ ایک گنتی جمع کروائے گا جس میں ابتدائی سالوں اور بچے کی دیکھ بھال کی ترتیب میں ایک مقررہ عرصے کے درمیان حاضر ہونے والے بچے شامل ہوں گے۔

ٹرم	مشمولہ ٹرم کی تاریخیں	FEEE کا دورانیہ	گھنٹوں میں مساوی
گرما 2017	18/04/2017 تا 21/07/2017	13 ہفتے	13 ہفتے x 15 گھنٹے = 195 گھنٹے
خزاں 2017	04/09/2017 تا 20/12/2017	14 ہفتے	14 ہفتے x 15 گھنٹے = 210 گھنٹے
بہار 2018	02/01/2018 تا 29/03/2018	11 ہفتے	11 ہفتے x 15 گھنٹے = 165 گھنٹے

فراہم کنندہ پورا سال FEEE کے 570 گھنٹوں تک کا دعویٰ کر سکتا ہے۔ اگر ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان حقداری کو 38 ہفتوں سے لمبا کھینچ رہے ہیں وہ پھر بھی مندرجہ بالا تاریخوں کے اندر اندر مکمل 570 گھنٹوں کا دعویٰ کر سکتے ہیں۔

FEEE فنڈنگ ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندہ کو ادا کی جاتی ہے اگر مندرجہ ذیل شرائط پوری ہوں:

- آپ کا بچہ گنتی میں شامل ہے اور گنتی والے دن فراہمی پر رجسٹرڈ ہے
- یا اگر آپ کا بچہ گنتی میں شامل ہے لیکن بیمار یا بصورتِ دیگر اس ہفتے کے دوران غیر حاضر ہے، اور اس ٹرم کے دوران حقیقتاً اپنی جگہ لینے کی توقع رکھتا ہے
- اگر آپ کا بچہ گنتی کے بعد شامل ہوتا ہے تو ایک تاخیری دعویٰ جمع کروایا جا سکتا ہے بشرطیکہ آپ کے بچے نے اس ٹرم کے لیے Essex کے اندر کسی اور فراہمی پر FEEE کا دعویٰ نہیں کیا ہے

س۔ فراہم کنندہ کو کتنی ادائیگی ہوتی ہے؟

ج۔ تمام ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان جو دو سالہ اہل بچوں کے لیے FEEE کی پیشکش کر رہے ہیں انہیں اس ادارے میں دو سالہ اہل بچوں کے لیے فی بچہ £5.18 فی گھنٹہ کی یکساں شرح سے ادائیگی ہوتی ہے۔

تین اور چار سالہ بچوں کے لیے FEEE کے ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان کو ایک Single Funding Formula (SFF) استعمال کرتے ہوئے ادائیگی ہوتی ہے۔ فی گھنٹہ قیمتیں جو مقامی محکمہ ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان کو 2017/18 میں ادا کرتا ہے ذیل میں دی گئی ہیں

- ابتدائی اسکول، دن کی نرسریاں اور آزادانہ اسکول - £4.21 فی گھنٹہ
- آیائیں - £4.41 فی گھنٹہ
- زیرِ اہتمام اسکول اور اکیڈمی نرسری کلاسیں - £4.24 فی گھنٹہ
- زیرِ اہتمام نرسری اسکول - £6.19 فی گھنٹہ

ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان اہل بچوں کے لیے ان کے گھر کے پوسٹ کوڈ کی بنیاد پر اضافی 10p، 20p یا 30p فی گھنٹہ ایک سماجی محرومی کا اضافہ بھی وصول کر سکتے ہیں۔

وہ اپنے اداروں میں آنے والے تین اور چار سالہ مستحق بچوں کے لیے Early Years Pupil Premium (EYPP) بھی وصول کر سکتے ہیں۔ EYPP ایک اضافی 53 پینس فی گھنٹہ FEEE کے ہر گھنٹے کے لیے شمار کیا جاتا ہے۔

س۔ میرے بچے کی خصوصی ضروریات ہیں کیا میں کسی اضافی فنڈنگ کا اہل ہوں؟

ج۔ یہ بچے کی دیکھ بھال فراہم کنندہ پر ہو گا کہ وہ ECC سے ایسی کوئی اشتمالی گرانٹ کا دعویٰ کرے جو آپ کے بچے کے لیے بچے کی دیکھ بھال کے اضافی تقاضوں کو پورا کرے۔ ایسے کسی بھی دعوے کے لیے حمایتی ثبوت کی ضرورت ہو گی بچے کی دیکھ بھال کے ماہرین جیسے کہ خصوصی تعلیمی ضروریات کے مشیر کی جانب سے اس کو ثابت کرنے کے لیے۔ فنڈنگ ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندہ کو جائے گی تاکہ وہ آپ کے بچے کو کوئی بھی اضافی خدمات کی پیشکش کرنے کے قابل ہو۔

س۔ کیا ٹرم کے دوران ایک چھٹی لینا درست ہے، اور اگر ایسا ہے تو کیا میرے بچے کی دیکھ بھال فراہم کنندہ کو جرمانہ ہو گا جب میرا بچہ نہ حاضر ہو رہا ہو؟

ج۔ جی ہاں اس میں کوئی حرج نہیں۔ ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندہ کی کوئی فنڈنگ روکی نہیں جائے گی اگر ایک بچہ ایک چھٹی یا بیماری کی وجہ سے مختصر عرصے کے لیے غیر حاضر ہوتا ہے۔

س۔ کیا اسکولوں کو یہ کہنے کی ضرورت ہے کہ اگر آپ اسکول پر ایک جگہ چاہتے ہیں تو آپ کو ہماری نرسری آنا ہو گا؟

ج۔ جی نہیں، انہیں یہ کہنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیکن مساوی طور پر ہم جانتے ہیں کہ ایسا ہو سکتا ہے۔ اگر آپ سے یہ کہا جاتا ہے، تو ہم سراہیں گے کہ ہماری توجہ اس پر دلائی جائے تاکہ ہم کارروائی کر سکیں۔

س۔ میں حال ہی میں کسی اور مقامی محکمے سے Essex میں منتقل ہوا ہوں - کیا میں ایک مفت حقداری فنڈنگ کا دعویٰ کرنے کے قابل ہوں اگرچہ ٹرم کا آغاز ہو چکا ہے؟

ج۔ ہم ایک بچے کی دیکھ بھال فراہم کنندہ کو کسی بھی ایسے بچے کے لیے دعویٰ کرنے کی اجازت دیں گے جو پہلے Essex میں داخل نہیں ہے۔ وہ باقی ماندہ ٹرم کے لیے حقداری کا 'تاخیری دعویٰ' کرنے کے قابل ہوں گے۔

س۔ اگر میں اپنے بچے کو ایک **Essex** بچے کی دیکھ بھال فراہم کنندہ سے دوسرے میں منتقل کرنا چاہوں تو کیا یہ ممکن ہے اور اس میں فنڈنگ کیسے ہوتی ہے؟

ج۔ مفت حقداری کا معاہدہ جو ہم ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان کو فراہم کرتے ہیں درخواست کرتا ہے کہ وہ اگر ایک بچہ کسی دوسرے فراہم کنندہ کے پاس منتقل ہوتا ہے تو وہ فنڈنگ منتقل کر دیں۔ تاہم ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان ایک نوٹس پیریڈ کے لیے وصولی کے حقدار ہوں گے۔ ECC یہ اصرار کرنے سے قاصر ہے کہ ابتدائی برسوں میں بچوں کی دیکھ بھال فراہم کنندگان ایسا کریں، لہٰذا نئے فراہم کنندہ پر آپ باقی ماندہ ٹرم کے لیے فیس ادا کرنے کے ذمہ دار ہو سکتے ہیں، اس لیے اگر ممکن ہو تو اپنے بچے کو منتقل کرنے کا فیصلہ کرنے سے پہلے براہِ کرم اس کی پڑتال کر لیں۔

س۔ اگر میرا فراہم کنندہ ٹرم کے دوران غیر متوقع طور پر بند ہو جاتا ہے تو میں کیا کروں؟

ج۔ اگر ایک فراہمی کو ٹرم کے دوران بند ہونا پڑتا ہے آپ کو ایک متبادل فراہمی تلاش کرنے کی ضرورت ہو گی، رہنمائی کے لیے براہِ کرم Family Information Service سے بذریعہ ای میل fis@essex.gov.uk پر یا بذریعہ فون 6874 055 0800 پر رابطہ کریں۔ جب آپ ایک متبادل فراہم کنندہ منتخب کر لیتے ہیں، وہ باقی ماندہ ٹرم کے لیے آپ کے بچے کے FEEE کے لیے ایک تاخیری دعویٰ جمع کروائے گا۔